
Australian Government
Civil Aviation Safety Authority




# اپنی فلائٹ مس کردینا قطعی مناسب نہیں۔ چیک-اِن یا سیکیورٹی پر تاخیر ہونے سے بچیں – اپنا سامان درست طریقے سے پیک کریں!

**خطرناک اشیاء دراصل وہ سامان ہے جو ہوائی جہاز میں دوران سفر نقصان دہ یا غیر محفوظ ثابت ہو سکتا ہے۔ یہ اشیاء آتش گیر، دھماکہ خیز، زہریلے یا دیگر ایسے مادّوں سے تعامل کر کے خطرناک ثابت ہوسکتی ہیں۔**

کچھ خطرناک اشیاء پرواز میں لے جانا بالکل ممنوع ہیں، جبکہ بعض اشیاء کو صرف ایئرلائن کی اجازت یا خصوصی پیکنگ میں لے کر جایا جا سکتا ہے۔

عام طور پر خطرناک اشیاء میں ذیل اشیاء شامل ہیں:

- ویپ اور ای-سگریٹ
- بیٹریاں اور پاور بینکس
- ایروسول سپرے اور ٹوائلٹریز (نجی صفائی کی اشیاء)
- صفائی کے پراڈکٹس اور کیمیکل
- ایندھن اور پٹرول سے چلنے والی اشیاء
- ماچس، لائٹرز اور آتش بازی کا سامان۔

ایئرپورٹس پر ہمیشہ آپ کے ہاتھ کے سامان اور چیک-اِن بیگز کی اسکیننگ کی جاتی ہے تاکہ خطرناک اشیاء کی نشاندہی ہو سکے۔ اگر آپ کے بیگ میں ایسی اشیاء ملیں، تو آپ کا بیگ ہٹا دیا جائے گا اور آپ اپنی فلائٹ پر جانے سے محروم ہو سکتے ہیں۔ آن لائن یا ایئرپورٹ پر چیک-اِن کرنے کے موقع پر، اپنے سامان میں موجود کسی بھی خطرناک چیز / شئے کی اطلاع دینا انتہائی ضروری ہوتا ہے۔

اگر آپ نے ایسی اشیاء ظاہر نہ کیں یا غلط، یا گمراہ کن معلومات فراہم کیں، تو آپ کو سخت سزائیں ہو سکتی ہیں - حتیٰ کہ آپ کو 7 سال کی قید بھی ہو سکتی ہے۔

## کیبن میں اجازت شدہ اشیاء

### صرف اپنے پاس (جیب یا ہاتھ میں) رکھ سکتے ہیں

- سگریٹ لائٹرز
- ماچس

### صرف ہینڈ لگیج (دستی بیگ) میں

- ویپس اور الیکٹرانک سگریٹ
- پاور بینکس اور اضافی بیٹریاں

## ایئرلائن سے تصدیق کریں

- برقی آلات
- کیمپنگ چولہے
- گولہ بارود (ایمونیشن)
- میڈیکل گیس سلنڈرز

## مکمل طور پر ممنوع اشیاء

- آتش گیر مادے
- بلیچ
- زہریلے مادے
- آکسیڈائزر (آگ پھیلانے والے کیمیکل)
- خوردگی والے مادے (کوروسیو)
- پیپر اسپرے
- گیس
- دھماکہ خیز مواد
- آتشبازی کا سامان
- بڑی بیٹریاں

PACK RIGHT. SAFE FLIGHT.

**فلائٹ سے پہلے آن-لائن یا اپنی ایئرلائین سے معلومات و تصدیق کریں۔**

**casa.gov.au/packright**

2502.5096